رجسٹریشن نمبر (88/2021)

# سالانہ کارکردگی رپورٹ

انا خاتم النبيين لا نبي بعدي (الحدیث)

ہمارا نصب العین اسلام کی سربلندی اور عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ

تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیاریٹیبل ٹرسٹ ضلع نظام آباد

TAHAFFUZ-E-KHATME NUBUWWAT EDUCATIONAL AND CHARITABLE TRUST, NIZAMABAD

## یکم اپریل 2023ء تا مارچ 2024ء


www.tahaffuz-khatmenubuwwat-nzb.com

YouTube tahaffuz khatme nubuwwat nzb

mtknsnzb1@gmail.com


**تیار کردہ : تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیاریٹیبل ٹرسٹ ضلع نظام آباد**

Scanned with OKEN Scanner

# ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد

☆ مکاتب قرآنیہ کا قیام: مسلمان بچوں کو قرآن مجید اور دین کی بنیادی تعلیم سے آراستہ کرنا۔

☆ مساجد کو اذانوں و نمازوں سے آباد رکھنے کیلئے اماموں کا تقرر کرنا۔

☆ قادیانیت، عیسائیت، شکیلیت وفیاضیت وغیرہ کی گمراہی سے مسلمانوں کو آگاہ کرنا۔

☆ عام مسلمانوں میں شعور بیداری کے لئے عوامی اجتماعات وجلسوں کا انعقاد کرنا۔

☆ بیوہ، معمرین، معذورین و بے سہارا افراد میں ماہانہ وظائف کی تقسیم کرنا۔

☆ غریب مسلمانوں کو اسلامی عیدوں (رمضان عید الفطر وعید الاضحیٰ) کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے راشن اور گوشت کی تقسیم کرنا۔

## تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیاریٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد کے ٹرسٹیز


| | | |
|---|---|---|
| صدر : | حضرت مفتی سعید اکبر صاحب | 9533175154 |
| نائب صدر : | مولانا سید عماد الدین احمد صاحب | 9010681935 |
| جنرل سکریڑی : | مولانا شجاع الرحمٰن طلحہ صاحب | 7842246027 |
| جوائنٹ سکریڑی : | مفتی عبدالمعز شامزی صاحب | 9966321500 |
| خازن : | حافظ مجیب احمد خان صاحب | 9550152211 |
| ☆ | مولانا شاہد علی صاحب (نرمل) | 9490561678 |
| ☆ | مولانا سید اکرام الدین احمد صاحب (آرمور) | 9951999982 |


Scanned with OKEN Scanner

# سالانہ کارکردگی رپورٹ تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیارٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد

## یکم اپریل 2023ء تا مارچ 2024ء

(1) **مکاتب کی کارکردگی رپوٹ** : تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام 307 دیہاتوں میں اُمت کے 8035 (آٹھ ہزار پینتیس) نونہالوں کے لئے تعلیم وتربیت کا نظم کیا جاتا ہے۔ جس میں بچوں کو نورانی قاعدہ، ناظرہ قرآن، دینیات، اسلامی عقائد واخلاق کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اور نماز کی عملی مشق بھی کروائی جاتی ہے۔ اور اس تعلیم کیلئے (370) مُعلّموں کا انتظام کیا گیا ہے۔ اور ان مُعلّمین کی نگرانی کیلئے (15) ناظرین وصدور متعین ہیں۔ جو اس کی ماہانہ واری رپورٹ دفتر کو پہونچاتے ہیں۔

مکاتبِ قرآنیہ اور انکے سنٹرس و مُعلّمین وناظرین کی تعداد اور انکے مشاہرہ جات کی فہرست حسب ذیل ہے۔

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | سنٹرس کے صدور وناظرین | کل مکاتب | کل تعداد معلمین | کل تعداد طلبہ وطالبات | مشاہرہ جات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نظام آباد (زون 1) | مولانا جابر صاحب | 37 | 37 | 760 | 1,04,200/- |
| 2 | نظام آباد (زون 2) | حافظ کلیم صاحب | 12 | 10 | 445 | 26,000/- |
| 3 | نظام آباد (زون 3) | مفتی فیض الرحمٰن صاحب | 34 | 30 | 606 | 85,000/- |
| 4 | بھیمگل | حافظ جلال الدین صاحب | 22 | 20 | 290 | 39,000/- |
| 5 | کاماریڈی | حافظ فہیم الدین صاحب | 11 | 09 | 173 | 40,200/- |
| 6 | بانسواڑہ | مولانا نواز صاحب | 37 | 37 | 550 | 1,06,000/- |
| 7 | بچکندہ | مفتی محبوب صاحب | 39 | 38 | 1500 | 35,000/- |
| 8 | مٹ پلی | مفتی عبدالمعز صاحب | 26 | 20 | 400 | 35,000/- |
| 9 | جیوتی | مولانا منیر الدین صاحب | 10 | 10 | 152 | 20,000/- |
| 10 | بودھن | مفتی جابر صاحب | 68 | 50 | 1800 | خود مکتفی |
| 11 | آرمور | مولانا سید اکرام الدین صاحب | 22 | 22 | 330 | 18,000/- جزوی امداد |
| 12 | بھینسہ | حافظ عبداللطیف صاحب | 47 | 47 | 1000 | 20,000/- جزوی امداد |
| 13 | اٹنور وجنا رام | مولانا سلیم الدین صاحب | 14 | 11 | 216 | 28,500/- |
| 14 | راجم پیٹ | مفتی عرفان صاحب | 5 | 4 | 75 | 10,000/- |
| 15 | نندی پیٹ | مفتی فیاض صاحب | 23 | 22 | 293 | 37,000/- |
| | | جملہ | 407 | 367 | 8,590 | 6,17,900 |

☆کل تعداد مکاتب (307) ☆کل معلمین (370) ☆کل طلبہ وطالبات (8,035) ☆جملہ تنخواہیں (5,52,900)

**سالانہ مسابقہ قرآن کریم** : 6/نومبر 2022ء کو شہر نظام آباد میں بمقام: احاطہ انجمن اسلامیہ میں سالانہ مسابقہ منعقد ہوا۔ جسمیں جملہ مکاتب قرآنیہ کے 17 منڈلوں 27 دیہاتوں سے 35 طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ جسمیں ممتحن کی حیثیت سے مولانا ہاشم صاحب اور مہمان خصوصی حضرت مولانا خضر احمد خان صاحب مدعو رہے ہیں۔ ماشاءاللہ ہر سنٹر کے طالب علم نے اچھا تعلیمی مظاہرہ پیش کیا۔ اس مسابقہ میں ایک ایسا بھی طالب علم شریک تھا۔ جسکا علاقہ مکمل طور پر قادیانیت سے متاثر تھا۔ اور کئی بستیاں قادیانی فتنے کی زد میں تھیں۔ ایسے بے دینی کے ماحول سے متاثرہ علاقے کے طالب علم نے درجہ سوم سے کامیابی حاصل کی۔ اور اسے انعام وسند سے نوازا گیا۔ یقیناً یہ کرم الٰہی اور دفتر کی دل سوز محنتوں کا نتیجہ ہے۔ فللّٰہ الحمد حمداً کثیراً والصّلاۃ السّلام علی نبیہ دائماً ابداً۔

## سالانہ مسابقہ کی اجمالی رپورٹ

| سلسلہ نمبر | شریک مسابقہ طلبہ وطالبات کی کل تعداد | (32) | انعامات | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | انعامی یافتگان طلبہ وطالبات | (7) | 6300/- روپیئے | اول، دوم، سوم |
| 2 | ترغیبی انعام | (25) | 2500/- | فی طالب علم (100) روپیئے |
| 3 | تشجیعی انعام برائے معلمین | (07) | 3500/- | فی انعام (500) روپیئے |
| | جملہ انعام | | 12,500/- | |

اس کے علاوہ دفتر ختم نبوت ایجوکیشنل وچیارٹیبل ٹرسٹ کے معاونین نے بھی اپنی طرف سے برسرے موقع ان تمام طلبہ وطالبات کو نقد رقومات اسی طرح سلطانس شوروم کی طرف سے ایک ڈریس دینے کا اعلان ہوا۔

## لڑکیوں کے لئے عصری و دینی تعلیم کا ادارہ دارالصالحات

تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ ضلع نظام آباد جہاں ایک طرف دیہاتوں میں رہنے والے مسلمان بچوں کے ایمان کی حفاظت کیلئے اور قرآن پاک کی دینی واخلاقی تعلیم اور انسانی تربیت کے لئے جہاں دیہاتوں میں مکاتب قائم کرنے میں مصروف کار ہیں۔ اسی طرح دوسری طرف شہر اور شہر کی سلم بستیوں میں رہنے والی عصری تعلیم یافتہ لڑکیوں میں دینی تعلیم وروحانی تربیت سے آراستہ کرنے کیلئے ادارہ دارالصالحات کے ذریعہ حتی المقدور سعی کی جاتی ہے۔ اس ادارہ کے تحت نرسری تا پنجم جماعت دینی ماحول کیساتھ انگلش میڈیم کی تعلیم کیلئے شہر کے ایک اسکول میں باقاعدہ داخلہ دلوا کر تعلیم دی جاتی رہی۔ اسی طرح لڑکیوں اور بڑی خواتین کو ہنرمند بنانے کیلئے سلائی سنٹر بھی قائم ہے۔ جس کے ذریعہ ونا موافق حالات میں اپنے بچوں کی کفالت کر سکے۔ نیز احساس کمتری کا شکار نہ ہو سکے۔ اس ادارہ میں چھوٹی لڑکیوں کے لئے قرآن پاک کو تجوید سے پڑھانے کیلئے شعبہ ناظرہ کا بندوبست ہے۔ اور جو طالبات قرآن پاک حفظ کرنا چاہتی ہیں، انکے لئے شعبہ حفظ کا انتظام بھی ہے۔ اور قریب النکاح لڑکیاں اور شادی شدہ خواتین کے لئے ششماہی تربیتی کورس کا بھی نظام جاری ہے۔ علاوہ ازیں تین سالہ مؤمنہ کورس جسمیں ہائی اسکول اور کالجوں میں پڑھی ہوئی لڑکیوں کو تجوید کے ساتھ قرآن مجید، سیرت طیبہ، شرعی مسائل، قرآن فہمی واخلاقی

Scanned with OKEN Scanner

تربیت اور خوب صورت ازواجی زندگی پر مشتمل کتابیں بھی پڑھائی جاتی ہیں۔

## ادارہ کے شعبہ جات

| سلسلہ نمبر | شعبہ جات | تفصیلات |
|---|---|---|
| 1 | انگریزی تعلیم (آٹھ سالہ) | نرسری تا پنجم |
| 2 | سلائی سنٹر | |
| 3 | تربیتی کورس (ششماہی) | بڑی عمر اور شادی شدہ خواتین کیلئے |
| 4 | مومنہ کورس (تین سالہ) | |
| 5 | شعبہ ناظرہ مع تجوید | چھوٹی اور بڑی لڑکیوں کے لئے |
| 6 | شعبہ حفظ مع تجوید | بڑی لڑکیوں اور شادی شدہ خواتین کیلئے |

**اس ادارہ کی کل معلمین ومعلمات واسٹاف کی تعداد 13 ہے۔ جسکا ماہانہ خرچ -/74000 روپیئے ہے۔**

**شعبہ دینی دوستی وتعمیر امت** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے جہاں دیگر اقوام کیساتھ تعلقات کو استوار رکھنے کی سرگرمیاں عمل میں لائی جاتی ہیں۔ اسی طرح مسلم نوجوانون کو بے راہ روی، لاأبالی، ولاپرواہی کی زندگی سے اُونچے مقاصد اور اعلیٰ صفات کے حصول کے جذبے کے ساتھ زندگی گذارنے اور ملک وملت کے لئے بافیض وسودمند بننے کے لئے تعمیر امت کے نام سے ہفتہ واری کلاسس چلائی جاتی ہیں۔ جسمیں دینی و اخلاقی، لکچرس کے ساتھ اس کو باہمی ملاقاتوں اور یاد دہانیوں کے ذریعہ سے ریہرسل بھی کروائی جاتی ہے۔ الحمدللہ اس سے کئی نوجوان احباب وعلماء کرام بھی وابستہ ہیں۔ اور اس کی ترقی وعملی مشق کی فکریں جاری وساری ہے۔

**لائبریری کاقیام** : عوام میں علمی تشنگی کی سیرابی اور علمی مزاج کی بقاء کے لئے ''امام المحدیثین'' کے نام ایک لائبریری کے نظم وضبط اور نگران کا تقرر اور تنخواہ کی فراہمی دفتر کی جانب سے کی جاتی ہے۔ یہ لائبریری شہر میں احمد پورہ کالونی میں واقع ہے۔

**معمرین و معذورین و بیوہ گان کی ماہانہ امداد** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے جس طرح ایجوکیشنل سسٹم کو آگے بڑھانے اور تعلیم و ہنر کی سرگرمیوں کے بارے میں فکر کیجاتی ہے۔ اسی طرح کئی رفاہی وفلاحی خدمات بھی انجام دی جاتی ہیں جسمیں اہل خیر حضرات کی جانب سے معمرین ومعذورین وبیوہ گان میں ماہانہ وظائف کی تقسیم ہے اور ہر ماہ 300 روپیئے کی مدد سے (166) افراد کو وظیفہ دیا جاتا ہے۔ جسکا ماہانہ خرچ تقریباً اونچاس ہزار آٹھ سو (49,800) روپیئے۔ اسی طرح ٹرسٹ کی جانب سے (14,600) کا وظیفہ دیا جاتا ہے۔

**معمرین ومعذورین وبیوگان کی فہرست**

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | تعداد معذورین وبیوہ گان | ماہانہ وظیفہ کی رقم |
|---|---|---|---|
| 1 | نظام آباد | 27 | -/8,100 |

Scanned with OKEN Scanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | برکور | 9 | 2,700/- |
| 3 | بانسواڑہ | 43 | 12,900/- |
| 4 | مٹ پلی | 61 | 18,300/- |
| 5 | جتارام | 26 | 4,800/- |
| | | جملہ = 166 | جملہ رقم = 49,800/- |

**رمضان المبارک میں راشن پیاکیجس اور عید فوڈ پیاکٹس کی تقسیم** : ٹرسٹ ہذا کے ذریعہ سے رمضان المبارک کے موقع پر دیہات اور شہر کے سلم محلوں میں غریب مسلم افراد میں رمضان کے موقع پر افطاری اور راشن تقسیم کیا جاتا ہے۔تا کہ ان میں ماہ مقدس کی مناسبت سے روزہ رکھنے کا شعور اور شوق پیدا ہو۔اور وہ بھی اس ماہ مبارک کی سعادتوں و برکتوں سے مستفیض ہوں۔اور اسی طرح عید الفطر کے موقعہ پر عید فوڈ پیاکٹس بھی تقسیم کئے جاتے ہیں۔

**عید الاضحی کے موقع پر غرباء میں گوشت کی تقسیم** : عیدالاضحیٰ کے اس مبارک وخوشی کے موقع پر دیہاتوں کے غریب مسلمان بھائیوں میں گوشت کی تقسیم عمل میں لائی جاتی ہے۔تا کہ ان کی دلجوئی و دل داری ہو سکے۔اور وہ بھی اس عید کی خوشیوں میں شامل ہو سکے۔جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

9 سنٹرس کے 30 منڈلوں کے 170 دیہاتوں میں گوشت کی تقسیم

| سلسلہ نمبر | سنٹر کا نام | پیاکٹس کی تعداد |
|---|---|---|
| 1 | نظام آباد زون | 550 |
| 2 | آرمور | 420 |
| 3 | مٹ پلی | 500 |
| 4 | بھیمگل | 450 |
| 5 | جینور | 400 |
| 6 | بانسواڑہ | 450 |
| 7 | بچکندہ | 480 |
| 8 | نندی پیٹ | 520 |
| 9 | اُٹنور | 568 |
| | جملہ | **4,338** |

Scanned with OKEN Scanner

## حضرت مولانا مفتی قاری رضوان صاحب پالنپوری کی آمد

**ماہ جون 2023ء کی کارکردگی:۔** حضرت مولانا مفتی رضوان صاحب پالنپوری دامت برکاتہم (03) یوم کے لئے نظام آباد تشریف لے آئے۔اور ادارہ دارالصّالحات کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔الحمدللہ اطمینان کا اظہار بھی کیا۔اور کچھ خامیوں کی اصلاح فرمائی۔نیز دارالصالحات کے تمام شعبوں کی طالبات، معلمین ومعلمات کو درس بھی دیا ہے۔اس مختصر سی مدت میں مکاتبِ قرآنیہ کا امتحان لیا اور کمزوریوں کی طرف نشاندہی کرتے ہوئے رپورٹ پیش کی ہے۔

## برائی اور گمراہی پھیلانے والے فتنوں سے ملک کے امن کو بچانے کی ممکنہ کوشش

**ماہ جولائی 2023ء کی کارکردگی:۔** ملک کی امن وسلامیت کی حفاظت ہر شہری کی ذمہ داری ہوتی ہے۔خصوصیت کے ساتھ اہل ایمان کی شرعی واخلاقی ذمہ داری ہے۔نیز اس ادارہ کے قیام کا نصب العین یہی ہے کہ یہ گمراہ اور فتنہ پرور لوگوں سے امت کو محفوظ رکھا جائے۔مستند ذرائع سے اطلاعات موصول ہوئی کہ ارتدادی فتنے جیسے ”فتنہ گوہر شاہی ،انجینئر علی مرزا،شکیل بن حنیف“ کے لوگ ضلع بھر میں پھیل کر نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔اُس کے سد باب کے لئے دفتر نے تمام ذیلی سنٹروں کے صدور کو ایک تحریر جاری کی ہے۔کہ اپنے اپنے علاقو ں میں حالات کا جائزہ لیکر مرکزی دفتر پر کارگذاری رپورٹ روانہ کریں۔الحمدللہ اس تحریر سے ذیلی سنٹرس کے ذمہ داروں کی فکر واحساس میں مزید اضافہ ہوا۔اور پوری شرح وبسط کے ساتھ نگاہ رکھے ہوئے ہیں۔کہ کوئی ایسا فتنہ پیدا نہ ہو۔اور ملک وعلاقے کے تمام گمراہی سے محفوظ رہے۔

## استحکام مکاتب کے لئے سروے رپورٹ

ٹرسٹ کے تحت مکاتب قرآنیہ کا نظام وسیع ہوتا جا رہا ہے۔اور مکاتب قرآنیہ کی تعداد (407) تک ہو چکی ہے۔اسلیئے اب اس کے استحکام کی فکریں مسلسل جاری ہیں۔اسی مناسبت سے دفتر سے ایک سروے فارم تیار کیا گیا ہے۔جسکے ذریعہ تمام سنٹروں کے صدور اور ناظرین کو پابند بنایا گیا ہے کہ یہ رپورٹ اہتمام سے ہر ماہ دفتر پر پہونچایا جائے۔

سروے رپورٹ بطور نمونہ

---

ذیلی شاخوں کے مکاتب قرآنیہ کے جائزہ کی ماہانہ رپورٹ

زیر اہتمام تحفظ ختم نبوت ایجوکیشنل وچیارٹیبل ٹرسٹ، ضلع نظام آباد

ماہ۔۔۔۔۔۔سنٹر کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سنٹر کے ناظر کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فون نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔

| سلسلہ نمبر | بستیوں کے نام | معلمین کے نام | مقدار نورانی قاعدہ | مقدار ناظرہ | دینیات | دستخط معلم مع تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

Scanned with OKEN Scanner

## عوامی خدمت

ماہ اگست 2023ء کی کارکردگی : ماہ اگست کے شروع ہی سے عوام الناس میں ووٹرائی ڈی شعور بیداری مہم شروع کی گئی ہے۔جسکے لئے باقاعدہ افراد کومختص کر کے اطراف واکناف کے محلوں میں کام کرنے ہدایت دی جاتی رہی۔اور ہر گھر گھر پہونچ کر اس کا شعور دلایا گیا ہے۔اسی طریقہ سے شہر کے مختلف محلوں میں باقاعدہ کیمپ لگوا کر پبلک کی بلاتفریق مذہب ووٹرائی ڈی چیک کی گئی ہے اور کرکشن بھی کیا گیا ہے۔مزید جن کی عمر 18 سال ہوگئی ہے،اورانکے پاس ووٹرائی ڈی کارڈ نہیں ہے،توانکی نئی ووٹرائی ڈی بنائی گئی۔اسی طریقہ سے تقریباً شہر اور دس محلوں میں کیمپ لگوایا گیا ہے۔(1) ڈرائیور کالونی نزد مسجد محمود،(2) بابن صاحب پہاڑی نزد مسجد اصفیہ شوکت (3) ڈوڈی کمریہ نگر (4) ڈائری فارم نزد مسجد فاطمہ امجد (5) چندر شیکھر کالونی نزد مسجد خیر الانام (6) ہاوزنگ بورڈ کالونی نزد مسجد قریشی (7) پولس لائن نزد مسجد عمرؓ (8) ندی گڈہ نزد مسجد حسینی (9) گوتم نگر نزد مسجد عمر فاروقی (10) گوپن پلی نزد مسجد حمید النساء۔اس کا مجموعی طور پر 5500 کارڈس چیک کئے گئے ہیں۔اور 1150 کارڈس کا کریکشن کیا گیا ہے۔اور 2210 نئے ووٹرائی ڈی کارڈس بنوائے گئے ہیں۔یہ سلسلہ ماہ اکٹوبر تک جاری رہا۔جس سے ہزاروں افراد نے استفادہ کیا ہے۔

## جلسہ سیرت النبی ﷺ ودینی تعلیم کی اہمیت

ماہ اکٹوبر 2023ء کی کارکردگی : ٹرسٹ کے زیر نگرانی عصری ودینی تعلیم کا ادارہ انجمن اسلامیہ میں تعلیمی وتربیتی سلسلہ جاری ہے۔اور بچوں کا بھی رجوع ہورہا ہے۔جس کے تحت 1st کلاس سے 7th کلاس تک انگریزی تعلیم دی جارہی ہے۔ہر کلاس میں الحمدللہ طلبہ موجود ہے۔دوسری طرف بچوں کو دینی واخلاقی تعلیم سے بھی آراستہ کیا جارہا ہے،جسمیں شعبہ ناظرہ کے ساتھ ساتھ شعبہ حفظ بھی قائم ہے۔مدرسہ کا نظام مزید منظم کرنے اوراہلیان شہر میں اس کا صحیح تعرف ہو،اور مدرسہ کا فائدہ عام ہو،اس نسبت سے انجمن اسلامیہ کا سالانہ جلسہ 16/اکٹوبر 2023ء کو مدرسہ ہذا میں منعقد ہوا۔اس جلسہ میں مہمانان خصوصی کے حیثیت سے حضرت اقدس مولانا شاہ جمال الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم حیدرآباد اور حضرت مولانا محمد محسن صاحب قاسمی نقشبندی دامت برکاتہم ورنگل،اسی طرح مولانا رافع القرآن صاحب داؤدی خانہ پور نے شرکت کی ہے۔جلسہ کے آغاز مولانا رافع القرآن صاحب داؤدی خانہ پور کے تلاوت قرآن پاک سے ہوا ہے۔جو قاری صاحب کی خوش الحانی نے پورے مجموعہ مسحور کردیا ہے۔نعت پاک کے بعد مدرسہ کے طلبہ نے تعلیمی مظاہرہ بحسن خوبی پیش کیئے ہیں۔بعدہ دومہمانان اکرم کے بصیرت افروز خطابات ہوئے۔اور مولانا شاہ جمال الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم کی دعا پر جلسہ کا اختتام ہوا۔

## مکاتب قرآنیہ کے مالیہ فراہمی کے لئے ڈبہ اسکیم

ماہ نومبر 2023ء کی کارگردگی : ٹرسٹ کے ذریعہ چلنے والے (407) مکاتب قرآنیہ میں جو معلمین وائمہ کرام خدمت انجام دیتے ہیں ،جنکی جزوی تنخواہیں دفتر سے دی جاتی ہے۔اس بجٹ کے بحالی کے لئے شہر کے علاوہ دیہاتوں میں بھی صدقہ ڈبہ رکھنے کی کوشش کی گئی ہے ۔اوراسی وقت 70 ڈبے رکھے گئے۔مزید اس نظام کو مضبوط کرنے کے لئے جناب علیم الدین عقیل صاحب متعین کیا گیا ہے۔

ماہ ڈسمبر 2023ء کی کارگردگی : 28/ڈسمبر 2023ء بروز جمعرات کو ہماری ریاست تلنگانہ میں MLA الیکشن ہوا ہے،عام طور پر عوام

Scanned with OKEN Scanner

الناس خصوصیت کے ساتھ مسلم قوم ہونے کے موقع پر بڑی غفلت اور لا پرواہی کرتے ہیں۔ٹرسٹ نے فیصلا لیا کہ یہ جمہوری ملک میں عوام اپنا ووٹ استعمال کرنے کا برابر کا حق ہے۔اس کا شعور پیدا کیا جائے۔چنانچہ اس ضمن میں ایک میٹنگ ہوئی،اس کے لئے شہر کے بڑے بڑے محلوں میں پولنگ بوتھ پر کارکن اور مساجد کی کمیٹیوں کو توجہ دلائی گئی۔چنانچہ مسجد محمود کی کمیٹی جو کہ ٹرسٹ کے ماتحت ہے۔اپنے تمام اراکین اور امام صاحب کے ساتھ مل کر الیکشن کے موقع پر بغیر کسی سیاسی پارٹی کے تائید کے گھر گھر پہونچ کر انہیں ترغیب لاتے رہے۔کہ ووٹ ہمارا جمہوری حق اور شرعی گواہی ہے۔اس کا صحیح استعمال کر کے اپنے پسندیدہ نمائندہ کو ووٹ ڈال کر منتخب کرے۔اس کے علاوہ مسجد محمود کی کمیٹی کمزوروں اور ضعفاء کو اپنی گاڑیوں اور آٹو کے ذریعہ اپنے خرچ پر انہیں پولنگ بوتھ تک پہونچاتے رہے۔اور خواتین و نوجوان کو ترغیب لاتے رہے کہ پولنگ کے فیصد کو بڑھائے ،جسکے نتیجہ میں گذشتہ الیکشن کی بہ نسبت واڑ ڈنمبر 12 اور 13 میں اضافہ ہوا ہے۔

## اسکول کے بچوں میں بلانکٹس کی تقسیم

موسم سرما کے پیش نظر مدرسہ انجمن اسلامیہ کے اسکول و ہاسٹل میں رہنے والے معصوم بچوں میں ٹرسٹ کے تحت تقریباً (60) عدد سوٹرس اور (33) عدد بلانکٹس تقسیم کی گئی ہے۔

## راشن کی تقسیم

ماہ جنوری **2024**ء کی کارکردگی : غریب مستحقین معذورین و بیواگان میں ٹرسٹ کے تحت ہر ماہ راشن کٹس تقسیم کئے جاتے ہیں۔فی راشن کٹ (**1200/-**) روپیئے کا ہوتا ہے۔اس طریقہ سے جملہ ( **40** ) افراد تک پابندی سے ہر ماہ راشن پہونچتا ہے۔

## فری میڈیکل کیمپ

ماہ جنوری **2024**ء کی کارکردگی : شہر کے سلم محلّہ ڈرائیور کالونی لٹل اسٹار اسکول نزد مسجد محمود میں فری میڈیکل کیمپ رکھا گیا ہے۔جسمیں شہر کے معروف ہاسپٹل "حیات ملٹی اسپشالیٹی ہاسپٹل" کے نامور ڈاکٹرس کی خدمات حاصل رہی ہیں۔اس کیمپ کو مؤثر اور کامیاب بنانے کے لئے خصوصیت کے ساتھ تین طرح کے ڈاکٹرس جناب **ڈاکٹر خواجہ معین الدین** صاحب MD Physician (تمام جسمانی امراض کے لئے )، **محترمہ ڈاکٹر لبنا نوشین صاحبہ** MS OBG (خواتین کے خصوصی امراض کے لئے )، **محترمہ ہُما فردوس صاحبہ** Optometrist ( آنکھوں کے لئے ) کا انتخاب کیا گیا۔جس سے الحمدللہ 250 سے زائد افراد نے اپنے مرضوں کی تشخیص کروائی ہے۔100 افراد شوگر ٹیسٹ کیا گیا۔اور بعض لوگوں کا ECG لیا گیا۔یہ کیمپ صبح 11 بجے سے دوپہر 3 بجے تک رہا ہے۔جسمیں 30,000 روپیئے سے زائد کی ادویات فری دی گئی۔

## ادارہ دارالصالحات کا سنگ بنیاد

ماہ فروری **2024**ء کی کارکردگی : ٹرسٹ کے تحت لڑکیوں کی انگریزی، عصری اور دینی تعلیم کا اِدارہ دارالصالحات گذرشتہ 6 سال سے چل رہا ہے۔جسمیں شہر اور سلم محلوں کے لڑکیوں کو مختلف شعبوں میں تعلیم دی جاتی ہے۔جسمیں (1) انگریزی تعلیم نرسری تا پنجم جماعت دی جاتی ہے۔(2) شعبہ ناظرہ و قاعدہ (3) دوسالہ مؤمنہ کورس (4) چھ ماہی تربیتی کورس۔وغیرہ بھی شامل ہے۔الحمدللہ اس

Scanned with OKEN Scanner

ادارہ میں 105 سے زائد طالبات زیرِ تعلیم ہیں۔ فی الحال یہ ادارہ قلب شہر میں کرایہ کے دو فلیٹ میں چل رہا ہے۔ طالبات کا رجوع بڑھتا جارہا ہے۔ لیکن جگہ کی تنگدامنی کی بناء پر داخلے محدود کرنا پڑ رہا ہے۔ اسی وجہ سے شہر کے قریب "اولڈ CRP کیمپ، بودھن روڈ، نظام آباد پر واقع 3600 سو گز زمین گذشتہ کئی سال پہلے خریدی گئی ہے۔ اب ماہ فروری میں الحمدللہ اس کے تعمیری کام کے آغاز کیلئے 14 رفروری 2024ء م 03 رشعبان المعظم ۱۴۴۵ھ بروز چہارشنبہ کو سنگ بنیاد رکھا گیا ہے۔ جسمیں معززین شہر کے علاوہ مہمان خصوصی کی حیثیت سے حضرت مولانا محمد شفیع الدین صاحب ندوی نقشبندی دامت برکاتہم حیدرآباد، وحضرت مولانا محمد مصدق القاسمی صاحب حیدرآباد، کے علاوہ الحاج محمد عبدالعزیز صاحب ماٹلی والا، گجرات نے شرکت کی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner